Hamid / Shabbir

20.03.2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں — اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 انتخابی کمیشن نے لوک سبھا کے پہلے مرحلے کیلئے اطلاع نامہ جاری کردیا ہے۔

2 وزیرِاعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلّی میں اسٹارٹ اپ مہاکمبھ سے خطاب کریں گے۔

3 لوک پال نے TMC کی سابق ممبر پارلیمنٹ مہوا موئترا کے خلاف، رقم کے بدلے سوال پوچھنے کے الزام کی، CBI سے تحقیقات کرانے کا حکم دیا ہے۔

4 UPSC نے سول سروس کا 2024 کا Preliminary امتحان ملتوی کردیا ہے اب یہ 16 جون کو کرایا جائے گا۔

5 مجموعی راست ٹیکس وصولی میں، رواں مالی سال کے دوران 18 اعشاریہ سات چار فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

6 اور گایتری گوپی چند اور ترسیا جولی، بیسِل میں سوئس اوپن بیڈمنٹن میں خواتین کے ڈبلز کے پری کوارٹرز میں پہنچ گئی ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

LS Poll Notification

انتخابی کمیشن نے لوک سبھا کے پہلے مرحلے کیلئے اطلاع نامہ جاری کردیا ہے۔ اِس مرحلے کے تحت 17 ریاستوں اور مرکز کے زیرِانتظام چار علاقوں میں، 102 لوک سبھا سیٹوں پر چناؤ کرائے جائیں گے۔

اِس مرحلے کے تحت تمل ناڈو کی 39، راجستھان کی 12، اترپردیش کی 8، مدھیہ پردیش کی 6، اتراکھنڈ، آسام اور مہاراشٹر میں پانچ-پانچ، بہار میں 4، مغربی بنگال میں 3، اروناچل پردیش، منی پور اور میگھالیہ میں 2-2، چھتیس گڑھ، میزورم، ناگالینڈ، سکّم، تریپورہ، انڈومان و نکوبار جزائر، جموں وکشمیر، لکشدیپ اور پڈوچیری میں ایک-ایک سیٹ پر چناؤ کرائے جائیں گے۔

کاغذات نامزدگی اِس مہینے کی 27 تاریخ تک داخل کیے جاسکتے ہیں۔ ووٹنگ 19 اپریل کو ہوگی۔ x

TN Electional Profile

تمل ناڈو میں 19 اپریل کو واحد مرحلے کے تحت عام انتخابات منعقد ہوں گے۔ چناؤ کے لیے نوٹفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔ اِس مہینے کی 27 تاریخ تک کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے جا سکتے ہیں۔ کاغذات کی جانچ پڑتال 28 تاریخ کو، کی جائے گی، اور 30 مارچ تک نامزدگی پرچے واپس لیے جا سکتے ہیں۔

اس سلسلے میں تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Joy

*AIADMK کے NDA اتحاد چھوڑنے اور انتخابات کا سامنا کرنے کے فیصلے کے بعد تمل ناڈو میں سہ رخی مقابلہ ہوگیا ہے۔ AIADMK کے بغیر بی جے پی پہلی مرتبہ ریاست میں Pattali Makkal Katchi، تمل منیلا کانگریس، TTV دنا کرن کی قیادت والی Amma Makkal Katchi اور دیگر چھوٹی پارٹیوں کے ساتھ مل کر اپنی سیاسی حیثیت کا اندازہ لگانے کی کوشش کر رہی ہے۔ موجودہ ریاستی اپوزیشن AIADMK کی جانب سے اپنے حلیف اتحادیوں کا طے کیا جانا باقی ہے۔ دوسری جانب DMK نے کانگریس کے ساتھ تمل ناڈو کی 9 اور پڈوچیری کی ایک سیٹ کیلئے معاہدہ طے کرلیا ہے۔*

Rajasthank Lok Sabha Election

راجستھان میں اُن بارہ لوک سبھا حلقوں کے لیے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے، جس میں پہلے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جانے ہیں۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل بھی آج سے شروع ہوجائے گا۔ نامزدگیاں داخل کرنے کا یہ عمل 27 مارچ تک جاری رہے گا۔ 12 سیٹوں کے لیے 19 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔ اِن سیٹوں میں سری گنگا نگر، بیکانیر، چورو، ناگور، سِکر، جھنجھنو، الور، جے پور، جے پور دیہات، بھرت پور، ڈوسا اور کرولی۔دھول پور شامل ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Jitendra Dwivedi

*ضلع انتخابی افسران نے متعلقہ اضلاع میں دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔ کوئی بھی شخص، سیاسی پارٹیاں، تنظیمیں مجاز اجازت نامے کے بغیر جلوس، ریلی یا عوامی میٹنگیں منعقد نہیں کر سکتے ہیں۔ کاغذات نامزدگی داخل کرنے کے دوران ریٹرننگ افسران کے کمرے میں امیدوار سمیت صرف پانچ افراد کو ہی جانے کی اجازت ہوگی۔ ریاست میں کُل 25 لوک سبھا سیٹوں کے لیے BJP نے 15 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے جبکہ کانگریس نے دس سیٹوں پر اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے باقی ماندہ سیٹوں کے امیدواروں کا اعلان کرنے کے لئے دونوں ہی پارٹیاں غوروخوض کر رہی ہیں۔x*

MP Lok Sabha Elections

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت مدھیہ پردیش میں چھ پارلیمانی حلقوں کے لیے نوٹفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Sanjeev Sharma

مدھیہ پردیش میں پہلے مرحلے میں Sidhi, Shahdol، جبل پور، منڈلا، بالاگھاٹ اور چھندواڑہ میں ووٹنگ منعقد کی جائے گی۔ چھندواڑہ اور منڈلا ریاست میں سب سے اہم سیٹوں میں شامل ہے۔ مرکزی وزیر فگّن سنگھ کُلستے منڈلا سے BJP کے امیدوار ہیں، جبکہ سابق وزیراعلیٰ کمل ناتھ کے بیٹے نکُل ناتھ چھندواڑہ سیٹ سے کانگریس کے امیدوار ہیں۔

پچھلے لوک سبھا انتخابات میں BJP نے چھندواڑہ کو چھوڑکر ریاست میں 29 میں سے 28 سیٹیں جیتی تھیں۔

چھندواڑہ اور مانڈلا پولنگ مراکز کی تعداد کے اعتبار سے بالترتیب مدھیہ پردیش کے سب سے چھوٹے اور بڑے لوک سبھا حلقوں میں شامل ہیں۔

Tripura Nomination Filling

تری پورہ میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے گزٹ نوٹفکیشن جاری ہونے کے ساتھ آج کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوجائے گا۔ امیدوار اگلے سات روز تک کاغذاتِ نامزدگی داخل کر سکتے ہیں۔
ریاست میں لوک سبھا کی دو سیٹوں میں سے ایک ''تری پورہ ویسٹ'' حلقے میں 19 اپریل کو پولنگ ہوگی۔
ایک رپورٹ

V/C Kunal v. Shinde

چیف انتخابی کمشنر راجیو کمار کی اپیل کی طرز پر تریپورہ کے چیف الیکٹورل افسر پُنیت اگروال نے بھی تشہیری مہم کے دوران ذات اور مذہب سے متعلق معاملات سے گریز کرنے کی اپیل کی ہے۔ حالانکہ ابھی تک تشہیری مہم میں تیزی آنا باقی ہے اور ابھی تک کوئی بڑا انتخابی جلسہ نہیں ہوا ہے۔

سیاسی مبصرین کا ماننا ہے کہ انتخابی مہم کے اگلے ہفتے سے زور پکڑنے کا امکان ہے۔

S/B Puneet Agrwal

حکام نے بتایا کہ مرکزی مسلح پولیس فورس کی 70 کمپنیاں تریپورہ پہنچ گئی ہیں اور علاقے میں مختلف جگہوں پر فلیگ مارچ اور پیٹرولنگ کر رہی ہیں۔

ECI Postal Ballot

بھارت کے انتخابی کمیشن نے، ووٹ دینے والوں کے زمروں کے بارے میں اطلاع نامہ جاری کیا ہے، جس میں لازمی خدمات پر تعینات افراد کے زمرے میں، ڈاک کے وسیلے سے ووٹ ڈالنے کی سہولت کا مقصد بیان کیا گیا ہے۔

اِس فہرست میں میٹرو، ریلویز، BSNL، بجلی اور صحت محکمے، آگ بجھانے والے عملے، ڈاک خدمات، ہوابازی، قدرتی آفات سے نمٹنے کے عملے، دور درشن اور آکاشوانی کے ملازمین اور میڈیا کے وہ افراد جنہیں کمیشن کی طرف سے، پولنگ کے دن پولنگ کی خبریں دینے کا اختیار دیا گیا ہو، شامل ہیں۔

یہ افراد اِن عام انتخابات، قانون ساز اسمبلیوں اور تیرہ ریاستوں کے 26 اسمبلی حلقوں میں، ضمنی چناؤ میں پولنگ کے دن، ڈیوٹی پر موجود رہتے ہوئے، ڈاک کے ذریعے اپنا ووٹ دے سکتے ہیں۔ x

Telangana New Governor

جھارکھنڈ کے گورنر سی پی رادھا کرشنن آج صبح، تلنگانہ کے گورنر کا عہدہ سنبھالیں گے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جھارکھنڈ کے گورنر سی پی رادھا کرشنن کو تلنگانہ ریاست کی اضافی ذمہ داریاں سونپی ہیں۔ جناب رادھا کرشنن کو یہ ذمہ داریاں، دو دن پہلے ڈاکٹر تملسائی سندرا راجن کی طرف سے استعفیٰ دیے جانے کے بعد سونپی گئی ہے۔ جناب رادھا کرشنن کو پڈوچیری کے لیفٹیننٹ گورنر کے طور پر بھی اضافی ذمہ داریاں دی ہوئی ہیں۔

جناب رادھا کرشنن آج دن میں سواگیارہ بجے حیدرآباد میں راج بھون میں اپنے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ ریاست کے ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب آلوک ارادھے، عہدے کا حلف دلائیں گے۔ x

Election Commission

انتخابی کمیشن نے میڈیا کے اہلکاروں کو ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی اجازت دے دی ہے۔ کمیشن نے اس سلسلے میں ایک نوٹفکیشن جاری کیا ہے۔

اِس سے پہلے لازمی خدمات سے منسلک افراد ہی ڈاک کے ذریعے اپنے ووٹ ڈال سکتے تھے۔ اَب میڈیا کے افراد بھی یہ سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ کمیشن نے اِس مقصد کے لیے ایک نوڈل افسر بھی مقرر کیا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

PM Startup Mahakumh

وزیراعظم نریندر مودی آج بھارت منڈپم میں اسٹارٹ اپ مہاکمبھ سے خطاب کریں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ ایک ایسا فورم ہے جو دنیا بھر کے اسٹارٹ اپس، اختراع کاروں اور آئندہ کے Entrepreneurs سے متعلقہ فریقوں کو ایک ساتھ لاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے اسٹارٹ اپس کی دنیا میں پچھلے کچھ برسوں میں حیرت انگیز طور پر پیش رفت کی ہے۔ یہ پروگرام پیر کے روز شروع ہوا تھا۔x

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Anupam

*نئی دلّی کے پرگتی میدان کے اسٹارٹ اپ مہا کمبھ میں دس موضوعات پر پویلین بنائے گئے ہیں۔*

*ان میں Deeptech، مصنوعی ذہانت، فن ٹیک، اگیری ٹیک، بایوٹیک اور فارما، گیمنگ اور Incubators شامل ہیں۔ یہ انعقاد سرمایہ کاروں، کاروباریوں اور صنعت سے وابستہ افراد کے درمیان رابطے قائم کرنے کا منفرد پلیٹ فارم بنا ہوا ہے۔ اس دوران اسٹارٹ اپس کی جانب سے اختراعی مصنوعات اور خدمات کی نمائش کیلئے تیار کیا گیا مخصوص حصہ سبھی کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ اس میں ملک بھر کے اسٹارٹ اپس اپنی مصنوعات اور خدمات کی نمائش کر رہے ہیں۔*

Lokpal CBI TMC´

لوک پال نے TMC کی سابق ممبر پارلیمنٹ مہوا موئترا کے خلاف، سوالات پوچھنے کے بدلے رقم کے الزامات کی، CBI سے تحقیق کرانے کا حکم دیا ہے۔ لوک پال نے اپنے حکم میں کہاہے کہ موئترا کے خلاف، ابتدائی نظر میں ایسے بھرپور شواہد موجود ہیں، جن کی جانچ، گہرائی کے ساتھ ہونی چاہیے۔

یہ ہدایت لوک سبھاکے بی جے پی رُکن نشی کانت دوبے کی طرف سے داخل کی گئی ایک شکایت پر فیصلہ سناتے ہوئے دی گئی ہے۔ اِس شکایت میں الزام لگایا گیا ہے کہ موئترا نے دبئی میں مقیم تاجر درشن ہیرانندانی سے نقد رقم اورتحفوں کے بدلے سوال پوچھے تھے۔

لوک پال نے CBI کو ہدایت دی ہے کہ وہ موئترا کے خلاف الزامات کے سبھی پہلوؤں کی تفتیش، 6 ماہ کے اندر مکمل کرے اور اِس تفتیش کی تازہ صورتحال کے بارے میں ہرمہینے رپورٹ بھی پیش کرے۔ لوک پال نے یہ بھی کہاہے کہ ریکارڈ میں موجود پورے مواد کا، پورے دھیان سے ترتیب وار اور اِس غورو خوض کے بعد کہ اِس معاملے کے کسی پہلو پر کوئی شک و شبہ نہیں رہ گیا ہے کہ موئترا پر جو الزامات لگائے گئے ہیں، اُن میں سے زیادہ تر کے شواہد موجود ہیں اور وہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے، خاص طور پر اُن کے عہدے کے پیش نظر انتہائی سنجیدہ ہیں۔

مہوا موئترا کو، لوک سبھا کی اخلاقیات سے متعلق کمیٹی کی سفارشات پر پچھلے سال دسمبر میں لوک سبھا سے نکال دیا گیا تھا۔ x

UPSC Examination

یونین پبلک سروس کمیشن UPSC نے سول سروسز Preliaminary امتحان 2024 ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سول سروسز Preliaminary امتحان 2024 جو انڈین Foreign سروس امتحان 2024 کے لیے اسکریننگ ٹیسٹ کے طور پر بھی کام کرتا ہے، اب اِس سال 16 جون کو منعقد کیا جائے گا۔

اِس سے پہلے یہ امتحان اِس سال 26 مئی کو منعقد ہونا تھا۔ کمیشن نے عام انتخابات کے انعقاد کے سبب امتحان ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔x

Telangana New Goveror

جھارکھنڈ کے گورنر سی پی رادھا کرشنن آج صبح، تلنگانہ کے گورنر کا عہدہ سنبھالیں گے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جھارکھنڈ کے گورنر سی پی رادھا کرشنن کو تلنگانہ ریاست کی اضافی ذمہ داریاں سونپی ہیں۔ جناب رادھا کرشنن کو یہ ذمہ داریاں، دو دن پہلے ڈاکٹر تملسائی سندرا راجن کی طرف سے استعفیٰ دیے جانے کے بعد سونپی گئی ہے۔ جناب رادھا کرشنن کو پڈوچیری کے لیفٹیننٹ گورنر کے طور پر بھی اضافی ذمہ داریاں دی ہوئی ہیں۔

جناب رادھا کرشنن آج دن میں سواگیارہ بجے حیدرآباد میں راج بھون میں اپنے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ ریاست کے ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب آلوک ارادھے، عہدے کا حلف دلائیں گے۔ x

NIA West Bengal

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے مارچ 2023 میں مغربی بنگال میں رام نومی کے موقع پر رونما ہوئے فرقہ وارانہ تشدد کی سازش کے معاملے میں مزید 11 ملزمین کو گرفتار کیا ہے۔

NIA کے مطابق ان گیارہ ملزمین کی پہچان شمیم احمد، محمود عالم، محفوظ عالم، شمشاد عالم، محمد علی، سلیم جاوید، سرفراز عالم، فیروز خان، محمد سمیر انصاری، شمشاد حسین اور بلونت سنگھ کے طور پر کی گئی ہے۔ یہ سبھی مغربی بنگال کے ہاوڑہ کے شِب پُور کے رہنے والے ہیں۔

اس معاملے میں شروع میں ریاستی پولیس نے 36 ملزمین کے خلاف کیس درج کیا تھا۔ ہاوڑہ کے شِب پور میں ایک حملے سے بھڑکے فرقہ وارانہ تشدد کی بنا پر یہ کیس درج کیا گیا تھا۔

پچھلے سال اپریل میں کلکتہ ہائی کورٹ نے رام نومی کے دوران بھڑکے فرقہ وارانہ تشدد سے تعلق رکھنے والے سبھی معاملوں کو NIA کو منتقل کرنے کے احکامات جاری کئے تھے۔x

MEA Aruna Pradesh

حکومت نے کہاہے کہ اروناچل پردیش، بھارت کا ایک اٹوٹ اور اور الگ نہ ہونے والا حصہ تھا، ہے اور رہے گا۔

چین کی وزارت دفاع کے ترجمان کی طرف سے اروناچل پردیش کے بارے میں رائے زنی کیے جانے پر میڈیا کے سوالوں کے جواب دیتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہاکہ اروناچل پردیش کے عوام کو ترقیاتی پروگراموں اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں سے فائدہ ہوتا رہے گا۔ انہوں نے کہاکہ وزارت نے، چین کی وزارت دفاع کے ترجمان کی طرف سے کی گئی اُس رائے زنی کا نوٹس لیا ہے، جس میں بھارت کی ریاست اروناچل پردیش کے علاقے پر، مضحکہ خیز دعوے کیے گئے ہیں۔

جناب جیسوال نے کہاکہ اِس سلسلے میں بے بنیاد دلائل بار بار پیش کرنے سے اِس طرح کے دعووں کو کوئی جواز حاصل نہیں ہوجاتا۔ x

PM Bhutan Visit

وزیراعظم نریندر مودی، کل سے بھوٹان کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ اپنے دورے میں وزیراعظم، بھوٹان کے شاہ جِگمے کھیسر نام گیال وانگ چُک اور بھوٹان کے چوتھے شاہ جِگمے سنگے وانگ چُک سے ملاقات کریں گے۔ وہ بھوٹان کے اپنے ہم منصب Tshering Tobgay سے بھی بات چیت کریں گے۔

وزارت خارجہ نے بتایاکہ یہ دورہ، بھارت اور بھوٹان کے درمیان اعلیٰ سطح کے لگاتار تبادلوں کی روایت اور اپنی 'پڑوس مقدم' پالیسی پر حکومت کی خاص توجہ کو برقرار رکھنے کے مقصد سے کیا جارہا ہے۔

وزارت نے بتایاکہ بھارت اور بھوٹان کے درمیان ایک منفرد نوعیت کی، دیرپا شراکت داری ہے، جس کی جڑیں باہمی اعتماد، مفاہمت اور خیرسگالی سے وابستہ ہیں۔

وزارت نے کہاکہ مشترک روحانی وراثت اور عوام سے عوام کے درمیان گرم جوشی پر مبنی رشتوں سے بھارت-بھوٹان غیرمعمولی تعلقات میں اور بھی گہرائی اور تحریک پیدا ہوتی ہے۔

اُس نے کہاکہ اِس دورے سے دونوں ملکوں کو ایک موقع فراہم ہوگاکہ وہ دوطرفہ اور علاقائی مفاد کے معاملات پر تبادلۂ خیال کریں اور دونوں ملکوں کے عوام کے فائدے کیلئے مثالی شراکت داری کو توسیع دینے اور اس میں تیزی لانے کے طور طریقوں پر بات چیت کریں۔ x

Direct Tax Collection

رواں مالی سال کے دوران، مجموعی راست ٹیکس وصولی میں 18 اعشاریہ سات چار فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔
وزارت خزانہ کے مطابق یہ ٹیکس وصولی 22 لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ ہوئی ہے، جو مالی سال 2022-23 کی اسی مدت کے مقابلے 18 لاکھ 75 ہزار کروڑ روپے زیادہ ہے۔
وزارت خزانہ نے بتایا کہ مالی سال 2023-24 میں تین لاکھ 36 ہزار 808 کروڑ روپے، ری فنڈ کے طور پر واپس کیے گئے، جو پچھلے سال کی اسی مدت کے دوران واپس کی گئی رقوم کے مقابلے 12 اعشاریہ سات چار فیصد زیادہ ہے۔ x

Swiss Open Badminton

سوئس اوپن بیڈمنٹن میں خواتین کے ڈبلز کے زمرے میں بھارت کی گایتری گوپی چند اور ٹریسا جولی کی جوڑی پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ یہ میچ کل سوئٹزر لینڈ کے باسیل کے سینٹ Jakobshalle Arena میں کھیلا گیا۔
بھارتی جوڑی نے 32 کے ابتدائی راؤنڈ میں Kerry Xu اور Annie Xu کی امریکی جوڑی کو شکست دی۔
اُدھر مردوں کے ڈبلز میں ہری ہرن Amsakarunan اور رُوبان کمار کی بھارتی جوڑی نے کوالیفائنگ راؤنڈ میں فرانس کے Natan Begga اور Baptiste Labarthe کی جوڑی کو ہرایا۔
وہیں مسکڈ ڈبلز میں Nسکّی ریڈّی اور B سمیت ریڈی نے برازیل کے سامعہ لیما اور داوی سِلوا کو کوالیفائنگ راؤنڈ میں شکست دی۔ اِس سے پہلے مردوں کے سنگلز کوالیفائر مقابلوں میں ستیش کمار کرونا کرن نے ایل سیلوا ڈور کے Uriel Canjura کو ہرا دیا، جبکہ سمیر ورما نے برازیل کے Coelho Oliveira کو شکستی دی۔
BWF سُوپر 300 مقابلے میں لکشیہ سین، PV سندھو، کدامبی شریکانت، کرن جارج اور پریانشو راجاوت آج اپنے اپنے سفر کا آغاز کریں گے۔

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، اترپردیش، راجستھان، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، اوڈیشہ اور بہار میں اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ مشرقی، وسطی اور اس سے متصل جزیرہ نما سمیت بھارت کے مختلف حصوں میں گرج چمک، بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ اوسط درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔
موسمیات کے محکمے نے تلنگانہ،ساحلی آندھرا پردیش اور Yanam میں شدید بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔
اِس دوران محکمے نے کہا ہے کہ دلی اور قومی راجدھانی خطے میں اگلے کچھ روز کے دوران موسم گرم اور خشک رہے گا۔ آج شہر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32 اور 33 ڈگری سیلسیس کے دوران رہنے کا امکان ہے۔x

یہ تھیں خبریں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شبانہ رحمان

شکریہ - اسلم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔روزنامہ ملاپ اور روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیراعظم مودی کے کیرالہ دورے سے انتخابی مہم کی شروعات کئے جانے سے متعلق خبر کو اولیت دی ہے۔

اخبار لکھتا ہے کہ جناب مودی نے انتخابی بگل بجایا، کیرالہ کے پلاکڈ میں روش شو کیا۔روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ہندوستان ایکسپریس کی ایک سرخی ہے کہ بلغاریہ کے صدر کو جناب مودی کا پیغام، بھارتی بحریہ قزاقی کا مقابلہ کرنے کے لیے پُرعزم۔ روزنامہ ملاپ نے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کا یہ بیان بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ گذشتہ 10 سال میں ترقی یافتہ بھارت بنانے کی بنیاد رکھی گئی۔اسی اخبار اور دیگر کئی اخباروں نے لوک سبھا انتخابات 2024 کے لیے CWC کا کل اجلاس منعقد ہونے کی خبر کو اولیت دی ہے۔

راشٹریہ لوک جن شکتی پارٹی کے صدر پشوپتی پارس کے مودی کابینہ سے استعفیٰ دینے کی خبر بھی انقلاب اور ملاپ سمیت کئی اخباروں نے پیش کی ہے۔مہاراشٹر میں پولیس اور نکسلیوں کے درمیان تصادم، 4 نکسلی ہلاک۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔ ساتھ ہی عام آدمی پارٹی کے سنجے سنگھ کے راجیہ سبھا رکن کی حیثیت سے حلف لینے کی خبر بھی سبھی اخباروں نے دی ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 انتخابی کمیشن نے لوک سبھا کے پہلے مرحلے کیلئے اطلاع نامہ جاری کردیا ہے۔

2 وزیراعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلّی میں اسٹارٹ اپ مہاکمبھ سے خطاب کریں گے۔

3 لوک پال نے TMC کی سابق ممبر پارلیمنٹ مہوا موئترا کے خلاف، رقم کے بدلے سوال پوچھنے کے الزام کی، CBI سے تحقیقات کرانے کا حکم دیا ہے۔

4 UPSC نے سول سروس کا 2024 کا Preliminary امتحان ملتوی کردیا ہے اب یہ 16 جون کو کرایا جائے گا۔

5 مجموعی راست ٹیکس وصولی میں، رواں مالی سال کے دوران 18 اعشاریہ سات چار فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

6 اور گایتری گوپی چند اور ترییا جولی، بیسِل میں سوئس اوپن بیڈمنٹن میں خواتین کے ڈبلز کے پری کوارٹرز میں پہنچ گئی ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---